کورونا وائرس؛ کمپنیاں شئیر ہولڈرز اور سالانہ اجلاسوں میں حفاظتی اقدامات کریں؛ایس ای سی پی

کورونا وائرس؛ایس ای سی پی کی کمپنیوں کو بورڈ کے اجلاس وڈیو کانفرنس کے ذریعے کرنے کی ہدایت

اسلام آباد(مارچ 11): سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے کورونا وائرس کے پھیلاؤ کے خطرے کے پیش نظر، کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ شئیر ز ہولڈرز کی صحت کے تحفظ کے لئے کمپنیاں اپنی شئیر ہولڈرز کا سالانہ اور کمپنیوں کی عمومی میٹنگ کی منصوبہ بندی میں کرونا سے بچاؤ کے حفاظتی اقدامات کو یقینی بنائیں۔اس کے علاوہ کمپنیاں بورڈ آف ڈائریکٹر کے اجلاس، ٹیلی فون کال یا ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے منعقد کرنے کو ترجیح دیں۔ ایس ای سی پی نے اپنے اعلامیہ میں تمام کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ موجودہ صورتحال میں پیدا ہونے والے خطرات کا جائزہ لیں۔ ہر کمپنی کے لئے لازمی ہے کہ وہ اپنی رجسٹریشن کی تاریخ سے سولہ ماہ کے اندر اندر سالانہ عمومی اجلاس (AGM) منعقد کریں اور اس کے بعد ہر مالی سال کے اختتام پر، 120 دن کے اندر اندر سال میں ایک بار عام اجلاس (AGM) کا انعقاد کرے۔ایسی کمپنیاں جن کا سال دسمبر میں مکمل ہوا، ان کمپنیوں کی جانب سے سالانہ اجلاس منعقد کئے جا رہے ہیں، لہٰذا کمپنیوں کے سیکریٹریز کو سفارش کی جاتی ہے کہ کمپنی کے سالانہ اجلاس کے لئے اپنی معمول کی منصوبہ بندی کا موجودہ حالات کے تناظر میں جائزہ لیں۔

ایس ای سی پی نے ڈائریکٹرز کو تجویز دی ہے کہ بورڈ کے ممبرز کے کورم کی دفعات کا احترام کرتے ہوئے، پراکسی کے ذریعہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کو اے جی ایم میں اپنی شرکت اور ووٹنگ کو ممکن بنا سکتے ہیں۔ علاوہ ازیں، ایک جگہ پر کسی بھی بڑے اجتماع سے بچنے کے لئے، کمپنیاں اپنے ممبران کی جغرافیائی تعلق کے مطابق، مختلف مقامات پر ویڈیو لنک کی سہولت کی فراہمی پر غور کیا جا سکتا ہے۔ کمپنیاں اجلاس کے دوران بنیادی حفاظتی اقدامات فراہم کرنے پر غور کریں جن میں صفائی کے لئے صابن اور پانی سے ہاتھ صاف کرنے کی سہولیات شامل ہیں۔مزید یہ کہ ممبران کی حفاظت کے لئے بیٹھنے کا انتظام بھی مناسب فاصلے پر کیا جائے۔مزید برآں، چیئرمین بورڈ اجلاس میں پیش کی گئی قراردادوں کی منظوری کے لئے ووٹنگ کے لئے پوسٹل بیلٹ کی سہولت کے استعمال کا جائزہ لے سکتے یں۔ موجودہ صورتحال میں یہ محفوظ ترین انتخاب ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005

پرائیویٹ کمپنی یا پبلک ان لسٹڈ کمپنیاں، جن کے ممبران کی تعداد پچاس سے زائد نہ ہو، بورڈ کی کسی قرارداد کی منظوری سرکلیشن کے ذریعے بی کر سکتے ہیں، ماسوائے ایسے اقدامات اور فیصلے جو کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 134 کے ذیلی سیکشن (2) کے تحت سالانہ عام اجلاس میں کرنا ضروری ہیں۔

کمپنیوں کے ڈائریکٹرز ٹیلی یا ویڈیو لنک کے ذریعے بورڈ کے اجلاس منعقد کر سکتے ہیں اور اس طرح کے اجلاس کے منٹس تمام ڈائریکٹرز سے منظور اور دستخط کرائے جانے چاہیں۔